اسلامی مزاحمتی تحریک حماس کے سیاسی ونگ کے چیئرمین جناب اسماعیل ھنیہ سے ملاقات - 5 /Nov/ 2023

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت امام خامنہ ای نے فلسطین کی اسلامی مزاحمتی تحریک حماس کے سیاسی ونگ کے چیئرمین جناب اسماعیل ھنیہ اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد سے ملاقات کیـ
اس ملاقات میں اسماعیل ھنیہ نے غزہ کی تازہ ترین پیشرفت اور صیہونی حکومت کے جرائم کے ساتھ ساتھ مغربی کنارے کی تازہ ترین پیش رفت کے بارے میں رپورٹ پیش کیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے غزہ کے ثابت قدم عوام کے صبر و استقامت کی قدردانی کا اعادہ کیا اور امریکہ اور بعض مغربی ممالک کی براہ راست حمایت سے صیہونی حکومت کے جرائم کی شدید مذمت کیـ انہوں نے صیہونی قبضے کے خلاف فلسطینی مزاحمتی قوتوں کی حمایت کی اسلامی جمہوریہ ایران کی مستقل پالیسی پر بھی تاکید دیاـ

امام خامنہ ای نے اس بات پر زور دیا کہ اسلامی ممالک اور بین الاقوامی اداروں کی جانب سے سنجیدہ اقدام اٹھانے کی ضرورت ہے اور غزہ کے عوام کے لیے مسلم حکومتوں کی جانب سے جامع اور عملی مدد فراہم کی جانی چاہیےـ